5th Pillar
Family Takaful Limited

# امانت

## 5th Pillar Family Takaful Amanat Savings Plan

ففتھ پلرفیملی تکافل امانت سیونگز پلان



Bank Alfalah
The Way Forward

آئیے، ساتھ چلیں

## 5th Pillar Family Takaful Amanat Savings Plan

If you are looking to provide your family with the best lifestyle and protect them against any unforeseen events or looking for the family to fulfil their financial obligations while not compromising on the quality of life that you wish for your family, then 5th Pillar Family Takaful Amanat Savings Plan is the right solution for you. Our Takaful plans work in a Shariah-compliant manner and facilitates to save, invest and grow your savings while enjoying a significant level of Family Takaful coverage.

## Company Introduction

5th Pillar Family Takaful Limited is a new entrant into the Family Takaful sector of Pakistan which is supported by eminent business houses from Kuwait and Pakistan. Our salient features include:

- Largest FDI in Takaful sector of Pakistan.
- Foreign shareholders own 68% of 5th Pillar Takaful and 32% is held by Pakistani interests.
- Largest initial paid up capital of PKR 2 billion in Pakistan's Takaful sector history.
- Highest initial credit rating "A+ Stable Outlook" from Pakistan Credit Rating Agency (PACRA).
- Licensed by the SECP to underwrite Shariah Compliant Family Takaful business in Pakistan.
- State-of-the-art IT platform to support business operations throughout the membership lifecycle.
- Upcoming customer engagement mobile app/web portal to provide 24/7 information and assistance to members from the comfort of their homes.

## Free Look Period

**The Participant can cancel the membership within fourteen (14) days of the receipt of the membership Documents. In case of cancellation during this free look period (subject to Terms and Conditions), 5th Pillar Family Takaful Limited will refund the Contribution paid less the amount paid into the Individual Family Takaful Participant Fund (IFTPF) as the Takaful Contributions. Furthermore, 5th Pillar Family Takaful Limited reserves the right to deduct expenses incurred on medical examination of the Participant, if any, in connection with the issuance of the membership.**

### Disclosure of Product

This is a Family Takaful product which has two distinct elements, i.e.: Takaful Protection and investment. The investment component is linked to the performance of the underlying assets under unit linked fund(s).

## ففتھ پلرفیملی تکافل امانت سیونگز پلان

اگر آپ اپنی فیملی کے لیے بہترین طرزِ زندگی اور کسی بھی ناگہانی واقعہ کی صورت میں تحفظ کی تلاش میں ہیں یا ان کے معیارِ زندگی پر سمجھوتا کیے بغیران کی مالی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہتے ہیں تو ففتھ پلرفیملی تکافل امانت سیونگز پلان ان تمام ضروریات کا احاطہ کرتا ہے۔ہمارا تکافل پلان شریعت کے اصولوں سے ہم آہنگ ہے۔ جو سرمایہ کاری کے ذریعے آپ کی بچت کو بڑھانے کے ساتھ ساتھ فیملی تکافل کوریج کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے۔

## کمپنی کا تعارف

ففتھ پلر فیملی تکافل لمیٹڈ پاکستان کے فیملی تکافل کے شعبۂ میں ایک نیا اضافہ ہے، جسے کویت اورپاکستان کے ممتاز کاروباری اداروں کا تعاون حاصل ہے۔ ہماری چند نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

- پاکستان کے شعبۂ تکافل میں براہ راست سب سے بڑی غیر ملکی سرمایہ کاری۔
- ففتھ پلر تکافل کے 68% حصص غیر ملکی شیئر ہولڈرز کی ملکیت ہیں جبکہ باقی 32% پاکستانی شیئر ہولڈرز کی توجہ کا مرکز ہیں۔
- پاکستان کے شعبۂ تکافل کی تاریخ میں 2ارب روپے کا سب سے بڑا ابتدائی پیڈ اپ کیپیٹل۔
- پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی کی جانب سے سب سے بڑی ابتدائی "A+ مستحکم آؤٹ لُک" کی کریڈٹ ریٹنگ۔
- SECP کی جانب سے پاکستان میں شریعہ سے ہم آہنگ فیملی تکافل بزنس انڈر رائٹ کرنے کے لیے لائسنس یافتہ۔
- رکنیت کے مکمل دورانیے میں بزنس کے انتظامات کو ہموار رکھنے کے لیے اپنی نوعیت کا منفرداور بہترین آئی ٹی پلیٹ فارم۔
- کسی بھی وقت کسی بھی دن گھر بیٹھے اپنی رکنیت کے حوالے سے معلومات اور تعاون حاصل کرنے کے لیے موبائل ایپلیکیشن/ ویب پورٹل کا عنقریب آغاز۔

## فری لُک پیریڈ

**شریک تکافل کورکنیت کی دستاویز(پی ایم ڈی) موصول ہونے کے 14دن کے اندراپنی رکنیت ختم کرنے کا اختیارہے۔اس دورانیے میں (شرائط و ضوابط کے مطابق)ففتھ پلر فیملی تکافل اس زرِتعاون سے تکافل عطیہ کے طور پر انفرادی پی ٹی ایف میں جانے والی رقم منہا کرکے باقی رقم واپس کردے گا۔ اس کے علاوہ، رکنیت کے اجراءکے حوالے سے اگر کوئی طبی معائنہ ہوا ہو توففتھ پلر فیملی تکافل کو یہ اخراجات بھی منہا کرنے کا حق ہے۔**

### پروڈکٹ کی وضاحت

یہ ایک فیملی تکافل پروڈکٹ ہے جس کے دو بنیادی عناصر ہیں یعنی تکافل تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا عنصر یونٹ لنکڈ فنڈ کی کارکردگی سے مشروط ہے۔

## 5th Pillar Family Takaful Amanat Savings Plan – Key Benefits

The plan offers savings and protection through contributions which are payable throughout the term of the membership. This amount of contribution and the tenure of the payment shall be decided by the participant based on their saving capability and future needs, without straining their daily financial requirements.

- The minimum contribution for this plan would be Rs. 20,000 per annum and the participant can choose frequency of yearly, half yearly, quarterly and monthly based on their choice.
- This plan allows you the flexibility to make contribution payments down to a minimum of 10 years and maximum of upto 25 years.
- The plan will provide protection against death of the participant within the membership term by providing a Lump Sum Benefit equal to the Carrying Value of the Participants Investment Fund (PIF) but not less than the Sum Covered under the membership needs.
- Upon the demise of the participant, Death Benefit equal to the Carrying Value of Participant's Investment Fund (PIF) or the Sum Covered whichever is higher shall be payable to the beneficiary.
- The Regular Contributions may be increased by 5% on every Membership Anniversary. The Sum Covered of the plan including those applicable to additional benefits (if any) will remain same and will not be subject to indexation under this option.

## ففتھ پلرفیملی تکافل امانت سیونگز پلان۔اہم فوائد

یہ پلان زرِتعاون کے ذریعے بچت اور تحفظ کے فوائد پیش کرتا ہے، یہ زرِتعاون رکنیت کے مکمل دورانیے میں ادا کرنا ہوگا۔زرِتعاون کی مقدار اور ادائیگی کا دورانیہ ہر شریک تکافل اپنی بچت کی صلاحیت اور مستقبل کی ضرورتوں کو دیکھ کر کرسکتاہے، تاکہ روزمرہ کے لیے درکار مالی اخراجات میں پریشانی نہ ہو۔

- اس پلان کا کم سے کم زرِتعاون 20,000 روپے سالانہ ہے اور شریک تکافل اپنی مرضی کے مطابق سالانہ، ششماہی، سہ ماہی اور ماہانہ طریقۂ ادائیگی کا انتخاب کرسکتا ہے۔
- یہ پلان آپ کو کم سے کم 10سال اور زیادہ سے زیادہ25سال تک زرِتعاون کی ادائیگی کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے۔
- یہ پلان رکنیت کے دورانیے میں شریک تکافل کی وفات کی صورت میں یکمشت فوائد کے طور پر تحفظ فراہم کرے گا، یہ فوائد شریک تکافل کے سرمایہ کاری فنڈ (PIF) کی موجودہ ویلیو کے برابر ہوں گے، لیکن رکنیت کی ضرورت کے تحت مجموعی زرِتحفظ سے کم نہیں ہوں گے۔
- شریک تکافل کی وفات کی صورت میں مستفیدین کو شریک تکافل کے سرمایہ کاری فنڈ (PIF) کی موجودہ ویلیو یا مجموعی زرِتحفظ (جورقم زیادہ ہو)کی ادائیگی کی جائے گی۔
- رکنیت کی ہر سالگرہ کے موقع پر باقاعدہ زرِتعاون میں5% تک اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ پلان کے مجموعی زرتحفظ بشمول اس پلان پر لاگو اضافی فوائد(اگر ہوں) یکساں رہیں گے، ان پر اس اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا۔



## A. Takaful Operator's Charges

## الف۔تکافل آپریٹر کے چارجز

**Scope**
**دائرہ کار**

5th Pillar Family Takaful Amanat Savings Plan is Shariah Compliant, Unit Linked Saving Plan which can be an ideal saving mechanism for anyone residing in Pakistan. This would also provide financial protection to the nominee(s) of participant(s) in case of their uncertain event of death.

ففتھ پلرفیملی تکافل امانت سیونگز پلان، شریعت سے ہم آہنگ یونٹ لنکڈ بچت پلان ہے جو پاکستان میں رہائش پذیر افراد کے لیے بچت کا ایک بہترین طریقۂ کار ہے۔ یہ پلان شرکاء تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں ان کے نامزد مستفیدین کومالی تحفظ بھی فراہم کرتا ہے۔

**Allocation %**
**ایلوکیشن کی شرح**

| Membership Year<br>رکنیت کا سال | 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|---|
| Allocation%<br>ایلو کیشن کی شرح | 60% | 70% | 100% |

**Top-up Charge**
**ٹاپ اپ چارجز**

The allocation of each Top-up contribution will be 102% and the Top-up Contribution payment can be made by the Participant at any time during the Membership.

ہر ٹاپ اپ زرتعاون کی تخصیص کی شرح102فیصد ہوگی اور ٹاپ اپ زرتعاون کی ادائیگی رکنیت کے دوران کسی بھی وقت ادا کی جاسکتی ہے۔

**Bonus Allocation***
**بونس ایلوکیشن***

| Membership Year<br>رکنیت کا سال | 3 | 7 | 10 | 15 | 20 | 25 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Bonus Allocation%<br>بونس ایلوکیشن کی شرح | 5% | 20% | 30% | 50% | 50% | 50% |

*The bonuses are payable subject to timely payment of basic contributions not less than the initial basic contributions, given that no partial withdrawals are taken during the term of the membership.

*بونس کی ادائیگی، بنیادی زرِتعاون کی بروقت ادائیگی سے مشروط ہے، بشرطیکہ ابتدائی بنیادی زرِتعاون سے کم نہ ہو اور رکنیت کے دورانیے میں کوئی قرض یا جزوی دستبرداری نہ کی گئی ہو۔



## Policy Administration Fee

Annual Membership fee of PKR 1,800 (will be charged on monthly basis equal to PKR 150/month) will be charged as administration Fee and will increase by 8% per annum.

## پالیسی ایڈمنسٹریشن فیس

سالانہ ممبرشپ فیس مبلغ 1800 روپے (ماہانہ بنیاد پر 150 روپے) ایڈمنسٹریشن فیس کے طور پر وصول کی جائے گی اور ہر سال اس میں 8% اضافہ ہوگا۔

## Bid Offer Spread

5% on amount allocated to Participant's Investment Fund (PIF).

## بڈ آفر اسپریڈ

شریک تکافل کے سرمایہ کاری فنڈ (PIF) میں مختص کردہ رقم کا 5%۔

## Wakalat-ul-Istismar Fee (Investment Management Fee)

A charge for the management of investment funds is taken from the Funds. Investment Management Charge (IMC) would be levied as 0.146% per month of the fund value deducted each time the Fund is valued.

## (وکالۃ الاستثمار فیس(سرمایہ کاری کے انتظام کی فیس

فنڈز سے سرمایہ کاری کے انتظام کی فیس وصول کی جائے گی۔ جب بھی فنڈ کی مالیت لگائی جائے گی،اس وقت ماہانہ 0.146% سرمایہ کاری کے انتظام کی فیس(IMC) وصول کی جائے گی۔

## Wakala Fee

35% of Takaful donations is deducted as Wakala Fee each month to cover the expenses of underwriting, administration and general management of the Individual Family Takaful Participants' Fund.

## وکالہ فیس

شریک تکافل کے انفرادی فیملی تکافل فنڈ کی انڈر رائٹنگ، ایڈمنسٹریشن اور عمومی انتظامات سے متعلق اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ہر مہینے تکافل عطیات کا 35% وکالہ فیس کے طور پر منہا کیا جائے گا۔

## Fund Switching Fee

After 2 fund switches in any year, Takaful Operator/Wakeel reserves the right to impose a switch charge fee which shall not exceed PKR 1,000 per switch.

## فنڈ منتقلی کی فیس

کسی بھی سال دو مرتبہ فنڈ منتقلی کے بعد تکافل آپریٹر/وکیل کو منتقلی کے چارجز وصول کرنے کا حق حاصل ہے جو فی منتقلی 1,000روپے سے زیادہ نہیں ہوں گے۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| **Minimum and maximum age at entry, term, contribution and maximum maturity age**<br>کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ اندراج کی عمر، مدت، زرِتعاون اور تکمیل کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر | Entry Age<br>اندراج کی عمر | 18 - 65 years | 18سے65سال |
| | Term of Cover<br>تحفظ کی مدت | Minimum Term: 10 Years<br>Maximum Term: Maximum 25 Years, or 75 – Age at Expiry, whichever is less. | کم سے کم مدت:10سال<br>زیادہ سے زیادہ مدت:25سال<br>یا رکنیت ختم ہونے کے وقت 75سال عمر، ان دونوں میں سے جو بھی کم ہو۔ |
| | Maximum Maturity Age<br>تکمیل کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر | 75 years | 75سال |
| | Minimum Contribution<br>کم سے کم زرِتعاون | Rs. 20,000 | 20,000روپے |
| | Maximum Allowable Contribution<br>زیادہ سے زیادہ زرِتعاون | No Limit | کوئی حد نہیں |
| | Term of Contribution*<br>زرِتعاون کی ادائیگی کی مدت | Minimum Term: 10 Years<br>Maximum Term: Maximum 25 Years | کم سے کم مدت:10سال<br>زیادہ سے زیادہ مدت:25سال |
| **Minimum and maximum financial protection component**<br>کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ مالی تحفظ کا عنصر | Cover Multiple<br>کور ملٹی پل | Minimum Cover Multiple: 5<br>Maximum Cover Multiple: upto 200 depends on Age and Subject to underwriting. | کم سے کم کور ملٹی پل:5<br>زیادہ سے زیادہ کور ملٹی پل:200تک، عمر اور انڈررائٹنگ کی شرائط سے مشروط |
| **Indexation of sum covered and/or contribution, indexation**<br>مجموعی زرتحفظ اور یا زرتعاون میں اضافہ | | The indexation of the Contribution and Takaful Benefit option will be offered at 5%–15% on an Annual Basis. | زرِتعاون اور تکافل فوائد میں اضافہ کا آپشن بھی اختیار کیا جاسکتا ہے،جو سالانہ بنیاد پر 5%– 15% پر ہوگا۔ |

| Age Nearest (at entry) – Range<br>عمر کی حد (اندراج کے وقت) | 18-30 | 31-40 | 41-50 | 51-55 | 56-60 | 61-65 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Max Cover (remains inforce over duration of contract)<br>زیادہ سے زیادہ کور<br>(جو رکنیت کے دورانیہ<br>میں جاری رہے گا) | 200 | 125 | 100 | 35 | 10 | 5 |



## Riders' Descriptions

You have further flexibility to customize your membership's total coverage by adding the following optional riders. The level contribution of these riders will be charged in addition of the main plan contribution. The riders can be attached at the time of membership acquisition or at anniversary of the Membership.

1. **Accidental Death Benefit (ADB):**
   This rider pays a lump sum amount in case of accidental death of the covered person.
2. **Accidental Death & Dismemberment Benefit (ADDB):**
   This rider pays a lump sum amount in case of accidental death of the covered person or if due to the accident, causing dismemberment to the covered person.
3. **Family Income Benefit (FIB):**
   This rider pays the family of the covered person a Regular Monthly benefit up to end of Term of Membership in case of the covered persons demise during the Membership life. The Family Income Benefit ("FIB") is payable for the entire FIB term.
4. **Critical Illness (CI):**
   The Critical Illness sum covered is payable to the participant in case if he/she is diagnosed as having one of the specified critical illnesses diseases (i.e Cancer, Cardiac, Stroke), during the in-force term of this rider.

## ضمنی فوائد کی وضاحت

آپ درجِ ذیل اختیاری ضمنی فوائد کے ذریعے اپنے تکافل تحفظ کی مقدار میں اضافہ بھی کرسکتے ہیں۔ ضمنی فوائد منتخب کرنے کی صورت میں بنیادی زرتعاون کے علاوہ زرتعاون کی ایک مخصوص مقدار مزید ادا کرنی ہوگی۔ یہ ضمنی فوائد رکنیت کے حصول کے وقت یا رکنیت کی سالگرہ کے موقع پر بنیادی پلان کے ساتھ منسلک کیے جاسکتے ہیں۔

**1-حادثاتی وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد(ADB):**

اس کے تحت شریکِ تکافل کی حادثاتی وفات کی صورت میں یکمشت رقم ادا کی جاتی ہے۔

**2-حادثاتی وفات اور معذوری کی صورت میں ملنے والے فوائد(ADDB):**

اگر کسی حادثہ کی وجہ سے شریک تکافل کی وفات ہوجائے یا کسی حادثہ کی وجہ سے شریکِ تکافل معذور ہوجائے تو اس فائدہ کے تحت یکمشت رقم کی ادئیگی کی جائے گی۔

**3-فیملی انکم کے فوائد(FIB):**

اگررکنیت کے دورانیے میں شریک تکافل کی وفات ہوجائے تو شریکِ تکافل کی فیملی کو رکنیت کے اختتام تک ماہانہ بنیاد پر فوائد ادا کیے جائیں گے۔ یہ فوائد اس ضمنی فائدہ کی مکمل مدت تک فراہم کیے جاتے ہیں۔

**4-موذی امراض کی صورت میں ملنے والے فوائد(CI):**

رکنیت کی مدت کے دوران، اگر شریکِ تکافل کو کسی ایسی بیماری کی تشخیص ہوجائے جو تکافل آپریٹر کی طرف سے طے شدہ مخصوص امراض (مثلا کینسر، دل کا مرض، اسٹروک)کی فہرست میں شامل ہے تو ایسی صورت میں اس ضمنی فائدہ کے تحت شریکِ تکافل کو تکافل تحفظ کی رقم فراہم کی جائے گی۔



5. **Waiver of Contribution - Death (WOC):**
In case of an event causing the Death of the participant, the remaining contributions after the date of event up to the end of contribution paying term would be paid by the Individual Family Takaful Participants' Fund 'IFTPF' of 5th Pillar Family Takaful.

**5-وفات کی صورت میں زرِتعاون کی ادائیگی سے استثناء(WOC):**
شریکِ تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں وفات کی تاریخ کے بعد سے ادائیگی کی مدت تک تمام قابل ادا زرِتعاون ففتھ پلر فیملی تکافل کے وقف پول سے ادا کیے جائیں گے۔

6. **Waiver of Contribution - Disability (WOC):**
In case of an event causing the Permanent Total Disability due to Accident & Sickness of the participant, and participant is not able to follow his/her occupation or any other occupation, the remaining contributions after the date of event up to the end of contribution paying term would be paid by the Individual Family Takaful Participants' Fund 'IFTPF' of 5th Pillar Family Takaful. The waiting period of 180 days shall apply.

**6-معذوری کی صورت میں زرِتعاون کی ادائیگی سے استثناء(WOC):**
اگر کسی بیماری یا حادثہ کی وجہ سے شریک تکافل مستقل اور مکمل طور پر معذور ہوجائے، جس کی وجہ سے وہ اپنا یا کوئی اور پیشہ جاری نہ رکھ سکے تو ایسی صورت میں واقعہ کے بعد سے ادائیگی کی مدت تک تمام قابل ادا زرتعاون ففتھ پلر فیملی تکافل کے وقف پول سے ادا کیے جائیں گے۔ اس فائدے کے لیے 180 دن انتظار کی مدت کا اطلاق ہوگا۔

## Maturity Benefits

The accumulated value of the Participant Investment Fund (PIF) attributable to the membership shall be paid out on the maturity date.

## تکمیل کی صورت میں ملنے والے فوائد

رکنیت کی تکمیل کے موقع پر شریک تکافل کو سرمایہ کاری فنڈ(PIF)میں موجود مجموعی کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔

## Surrender Value

The participant may surrender their membership and avail the 100% of prevailing Basic Cash Value.

## سرنڈر ویلیو

شریک تکافل کو کسی بھی وقت اپنی رکنیت کو ختم کرنے کا اختیار ہے جس کے بعد دستیاب 100%کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔



## Allocation of Investment

The Participants can select among the three investment funds based on their risk profile:

1. **5th Pillar Aggressive Fund:** This fund will invest the participants funds in financial instruments with High risk which includes shariah compliant equities.
2. **5th Pillar Balanced Fund:** This fund will invest the participants funds in financial instruments with risk like equities as well as riskless instruments like Sukuks.
3. **5th Pillar Conservative Fund:** This fund will invest the contributions in shariah compliant and riskless instruments like Sukuks.

## Unit Pricing Methodology

Each Regular Contribution and Top-up Contribution, after deduction of Allocation Fee and Top-up Charge respectively, is used to acquire units in the PIF in one or more funds. The net asset value of the fund is the fair value of the assets in the fund as at the Pricing Date. The unit price is determined on a daily basis as per SECP guidelines. The price per unit of each Fund is determined using the forward pricing methodology. The price per unit is the total net asset value of the fund divided by the total number of pricing units in the fund. For further details on this topic, please refer to the Membership documents.

## سرمایہ کاری کی تخصیص

شرکاء تکافل اپنی رسک پروفائل کو دیکھتے ہوئے درجِ ذیل تین سرمایہ کاری فنڈ میں سے کسی کا انتخاب کرسکتے ہیں:

**1-ففتھ پلر جارحانہ فنڈ:** یہ فنڈ شرکاء تکافل کے فنڈ کی سرمایہ کاری زیادہ رسک والے مالیاتی مواقع میں کرتا ہے، جس میں شریعہ کمپلائنٹ شیئرز شامل ہیں۔

**2-ففتھ پلر متوازن فنڈ:** یہ فنڈ شرکاء تکافل کے فنڈ کی سرمایہ کاری رسک اور بغیر رسک والے فنڈز دونوں میں کرتا ہے، جیسا کہ شیئرز اور صکوک۔

**3-ففتھ پلر محتاط فنڈ:** یہ فنڈ شرکاء تکافل کے زرِتعاون کی سرمایہ کاری صرف بغیر رسک والے مواقع مثلاً صکوک میں کرتا ہے۔

## یونٹس کی پرائسنگ کا طریقۂ کار

باقاعدہ زرِتعاون سے بالترتیب ایلوکیشن فیس اور ٹاپ اپ چارجز منہا کرنے کے بعد بچ جانے والا زرِتعاون PIF کے ایک یا زیادہ فنڈ کے یونٹ حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔فنڈ کے اثاثہ جات کی صافی ویلیو(NAV) دراصل قیمتوں کے تعین کے وقت فنڈ میں موجود اثاثہ جات کی حقیقی ویلیو ہے۔یونٹس کی قیمتوں کا تعین روزانہ کی بنیاد پر SECP کی گائیڈ لائنز کی روشنی میں کیا جاتاہے۔کسی بھی فنڈ میں موجود ہر یونٹ کی قیمت کا تعین فارورڈ پرائسنگ کے طریقۂ کار کے مطابق کیا جاتا ہے۔فی یونٹ قیمت کا تعین فنڈ میں موجود مجموعی صافی اثاثہ جات کی مالیت کو فنڈ کے یونٹ کے ساتھ تقسیم کرکے کیا جاتا ہے۔اس موضوع سے متعلق مزید تفصیلات کے لیے رکنیت کے دستاویزات ملاحظہ فرمائیں۔



### What is Takaful?

All human activities are subject to risk of loss from unforeseen events. To alleviate this burden to individuals, what we now call insurance has existed since at least 215 BC. This concept has been practiced in various forms for over 1400 years. It originates from the Arabic word Kafalah, which means "guaranteeing each other" or "joint guarantee". The concept is in line with the principles of compensation and shared responsibilities among the community. Takaful complies with the Shari'ah (which outlines the principles of compensation and shared responsibilities among the community) and has been approved by Muslim scholars.

### What is Surplus Sharing?

Surplus sharing is a key concept in Takaful and differentiates Takaful from conventional insurance. In case of any surplus in the Individual Family Takaful Participants' Fund, the excess funds are distributed among the Participants in proportion of their net contribution to the fund. This surplus amount is given to the Participant in the form of additional units being added to his/her investment account.

### How does 5th Pillar Family Takaful Amanat Savings Plan work?

The plan requires regular contribution payments on a monthly, quarterly, semi-annual or annual basis as selected by the Participant through the channels of payment available at 5th Pillar Family Takaful Limited.

### What if I have any questions or concerns?

In case of any queries you can feel free to get in touch with us at info@5thpillartakaful.com or call us at +92-21-111-786-573.



### تکافل کیا ہے؟

ہر انسان کو کسی نہ کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔لوگوں سے اس بوجھ کو ختم کرنے کے لیے انشورنس کا طریقۂ کار وجود میں آیا جو 215 قبل مسیح سے رائج ہے۔تکافل کا تصوربھی تقریباً1400 سالوں سے مختلف صورتوں میں موجود ہے۔تکافل عربی لفظ "کفالہ" سے بنا ہے، جس کا مطلب ہے "ایک دوسرے کو ضمانت دینا" یا "مشترکہ ضمانت"۔تکافل کا تصور ایک کمیونٹی میں موجود افراد کی مشترکہ ذمہ داری اور نقصان کی تلافی کے اصولوں پر مبنی ہے۔تکافل،شریعت کے اصولوں کے مطابق اور مسلمان اسکالرز سے منظور شدہ ہے۔

### سرپلس کی تقسیم کیا ہے؟

سرپلس کی تقسیم تکافل کا ایک بنیادی تصور ہے،جو تکافل کومروجہ انشورنس سے ممتاز کرتا ہے۔شریک تکافل کے انفرادی فیملی تکافل فنڈمیں سرپلس کی صورت میں اضافی فنڈ،شرکاء تکافل کے درمیان ان کے صافی زرِتعاون کے تناسب سے تقسیم کیا جاتا ہے۔یہ سرپلس شرکاء تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں اضافی یونٹس کی صورت میں دیا جاتا ہے۔

### ففتھ پلرفیملی تکافل امانت سیونگز پلان کس طرح کام کرتا ہے؟

اس پلان میں شریک تکافل کی طرف سے منتخب کردہ طریقۂ ادائیگی کے اعتبار سے ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی یا سالانہ بنیادوں پر باقاعدہ زرِتعاون ففتھ فیملی تکافل کے پاس دستیاب ذرائع سے ادا کیا جاتا ہے۔

### کسی سوال یا شکایت کی صورت میں کیا کیا جائے؟

کسی بھی قسم کے سوال کی صورت میں آپ ہم سے info@5thpillartakaful.com پر رابطہ کرسکتے ہیں یا ہمیں +92-21-111-786-573 پر کال کرسکتے ہیں۔



## Will I have access to my savings?

Yes, you are allowed to withdraw funds from your investment account, subject to a positive cash value of your investments. This however, is not recommended as it may adversely affect the maturity value of the plan.

## Disclaimer(s):

- This product is underwritten by 5th Pillar Family Takaful Limited.
- The product is not guaranteed or covered by any of the other Group Companies of 5th Pillar Family Takaful Limited and they are not liable in any context.
- The past performance of Funds is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and neither 5th Pillar Family Takaful will incur any liability for the same.
- A personalized illustration of benefits will be provided to you by a Takaful Consultant. Please refer to the notes in the illustration for detailed understanding of the various terms and conditions.
- Post membership issuance; please refer to the Participant Membership Document for better understanding of the various terms and conditions.
- The investment risk shall be borne by the Participant and actual maturity or surrender values may be lower or higher than the projected figures.

## کیا مجھے میری بچت تک رسائی حاصل ہے؟

جی ہاں، آپ کو اپنے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں موجود فنڈ سے دستبرداری کا اختیار حاصل ہے،بشرطیکہ سرمایہ کاری کی کیش ویلیو مثبت ہو۔ بہرحال اس طرح کرنے کا مشورہ نہیں دیا جائے گا،کیونکہ اس کی وجہ سے پلان کی تکمیل کی صورت میں ملنے والے فوائد پر اثر پڑسکتا ہے۔

## وضاحت:

- یہ پروڈکٹ ففتھ پلر فیملی تکافل کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔
- اس پروڈکٹ کے حوالے سے ففتھ پلر فیملی تکافل کی دیگر گروپ کمپنیز کی کوئی گارنٹی یا ضمانت نہیں ہے اور وہ کسی بھی طور سے اس پروڈکٹ کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔
- ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کی نمائندگی نہیں کرتی۔کسی بھی قسم کی پیشگوئی کا مستقبل میں اسی طرح کی کارکردگی کا ہونا ضروری نہیں ہے اور ففتھ پلر فیملی تکافل اس کا ذمہ دار شمار نہیں ہوگا۔
- آپ کے لیے خصوصی طور پر تیار کردہ فوائد کا خاکہ ہمارے تکافل نمائندہ کی طرف سے فراہم کیا جائے گا۔مختلف شرائط و ضوابط کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے ازراہ کرم السٹریشن کے نوٹس ملاحظہ فرمائیں۔
- رکنیت کے اجراء کے بعد؛ مختلف شرائط و ضوابط کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے شریک تکافل کی رکنیت دستاویز(PMD) کا بغور مطالعہ فرمائیں۔
- سرمایہ کاری سے متعلق تمام رسک شریک تکافل کو برداشت کرنا ہوگا۔ رکنیت کی تکمیل یا سرینڈر ویلیومتوقع اعداد سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔



5th Pillar
Family Takaful Limited

ففتھ پلر
فیملی تکافل لمیٹڈ

آئیے، ساتھ چلیں

www.5thpillartakaful.com

021-111-786-573